

# صحرائے خاران کا قدرتی حسن اور سیاحت

## صحرائے وادی

صحرائے وادی سندھ پاکستان کے شمال علاقہ میں موجود صحرا ہے جوکہ غیرآباد علاقہ ہے۔ یہ دریائے چناب اور سندھ کے درمیان اور پنجاب کے شمال مغربی علاقے پر مشتمل ہے۔اس کا کل رقبہ **19500** مربع کلومیٹر پر محیط ہے۔موسمِ گرما میں یہ علاقہ گرم ترین اور موسمِ سرما میں سرد ترین ہو جاتا ہے۔موسمی تغیر و تبدل اور سختی کے باعث یہ علاقہ غیر آباد ہے۔

## صحرائے خاران

صحرائے خاران کا علاقہ بلوچستان کے جنوب مغرب میں واقع ہے۔اسے عام طور پر مٹی کے صحرا کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ پاکستان نے مئی **1998** کے دھماکے اسی علاقے میں کئے جو اس خطے کی وجہ شہرت بنے مگر دھماکوں کے بعد کئے گئے وعدے اس کے باسیوں سے پورے نہیں کئے گئے۔حکومت اگر ذراسی توجہ دے تو ان خوبصورت صحراں کو ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے ڈالر کمانے کا ذریعہ بنا سکتی ہے جس سے جہاں ان علاقے کے مکینوں کی زندگی میں انقلاب آئے گا وہیں ملکی خزانہ میں بھی اضافہ ہوگا اور تھل کے مکین اپنے علاقے کے قدرتی حسن کو بھی بحال رکھنا چاہیں گے۔

